Imperial College Healthcare NHS Trust

نوزائیدہ یونٹ

نوزائیدہ یونٹ میں خوش آمدید

معلومات برائے والدین

نوزائیدہ کی نگہداشت میں خوش آمدید

یہ وہ جگہ ہے جہاں شاید آپ کو اپنے نومولود بچے کے ساتھ ہونے کی توقع نہیں تھی۔ ہم آپ کی مدد کے لیے یہاں موجود ہیں۔ ہم آپ کو اور آپ کے بچے کو ہر ممکن بہترین نگہداشت فراہم کریں گے۔

خاندان کی انضمام شدہ نگہداشت

آپ اپنے بچے کی نگہداشت کا ایک نہایت اہم حصہ ہیں۔ ہم یہ یقینی بنانا چاہتے ہیں کہ آپ جانتی ہوں کہ کیا ہو رہا ہے اور ہم آپ کے نومولود کے لیے کیا کر سکتے ہیں۔

دن یا رات کے کسی بھی وقت اپنے نومولود کے ساتھ ہونے کے لیے آپ کا خیر مقدم کیا جاتا ہے۔ آپ جب چاہیں پوچھ سکتی ہیں کہ کیا ہو رہا ہے یا آپ کے نومولود کا کیا حال ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ آپ اپنے نومولود کی دیکھ بھال میں جہاں تک ممکن ہو سکے شامل رہیں۔

مواصلت

اگر انگریزی آپ کی ترجیحی زبان نہیں ہے، تو ہم وہ زبان استعمال کرنے کی کوشش کریں گے جو آپ سمجھتی اور بولتی ہیں۔ ہم اس کام میں اپنی مدد کے لیے ترجمان کا انتظام کریں گے۔

وارڈ کے راؤنڈز اور ٹیم ورک

ہم چاہیں گے کہ آپ اپنے نومولود کے متعلق بات چیت کا حصہ ہوں۔

ہر صبح وارڈ کا راؤنڈ ہو گا جس میں ٹیم یونٹ میں موجود ہر نومولود کو دیکھے گی اور اس نومولود کے متعلق منصوبوں پر بات چیت کرے گی۔ یہ صبح 9:30 اور 11:30 کے درمیان ہو گا۔ اس وقت پر آپ کا اپنے نومولود کے ساتھ ہونے پر خیر مقدم کیا جاتا ہے۔ ہم چاہیں گے کہ آپ ہمیں بتائیں کہ آپ اور آپ کا نومولود کیسے ہیں۔

مددگار رابطہ نمبرز

اگر آپ اسپتال نہ آ سکتی ہوں، تو آپ ہمیں کال کر کے یہ جان سکتی ہیں کہ آپ کا نومولود کیسا ہے اور کیا ہو رہا ہے۔ آپ کی رازداری کی حفاظت کے لیے، ہم آپ کے دوستوں یا اہل خانہ کے دیگر افراد کے ساتھ نہیں بلکہ صرف آپ کے ساتھ آپ کے نومولود کے متعلق بات چیت کر سکتے ہیں۔

اس صفحے کی دوسری طرف مفید فون نمبرز فراہم کیے گئے ہیں:

کوئین شارلیٹ نومولود کا یونٹ

استقبالیہ	5158 3313 020
انتہائی نگہداشت	3174 3313 020
خصوصی نگہداشت 1	3908 3313 020
خاندانی معاونت کی نرس	557818 07810

وینیکاٹ کا نومولود کا یونٹ (سینٹ میریز)

استقبالیہ	1103 3312 020
انتہائی نگہداشت	6294 3312 020
خصوصی نگہداشت 1	5059 3312 020
خصوصی نگہداشت 2	5776 3312 020

مزید معلومات

ہم آپ کے اور آپ کے نومولود کے لیے اپنی بہترین صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے۔

اگر آپ کسی چیز کے متعلق پریشان یا ناخوش ہیں، تو عملے کے کسی رکن کو بتائیں۔ ہم آپ کے اور آپ کے نومولود کے بہترین مفاد کے لیے آپ کے ساتھ کام کرنا چاہتے ہیں۔

مختلف فارمیٹس

اگر آپ کو یہ پرچہ درج ذیل میں چاہیے تو آپ عملے کے رکن سے دریافت کر سکتی ہیں:

- آسان مطالعہ
- بڑا پرنٹ، بریل یا آواز کی ریکارڈنگ

نومولود کا یونٹ
شائع کردہ :اپریل 2025
نظر ثانی کی تاریخ: اپریل 2028
حوالہ نمبر:
© امپیریل کالج ہیلتھ کیئر NHS ٹرسٹ